# 235



15: سورۃ الحجر

| ترتیبِ تلاوت | نام سورہ | مکی / مدنی | تعداد رکوع | آیات | پارہ شمار | نام پارہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 15 | سُوْرَةُ الْحِجْر | مکی | 6 | 99 | 13<br>14 | وَمَآ اُبَرِّئُ،<br>رُبَمَا |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آیات نمبر 1 تا 15 میں رسول اللہ کو تسلی کہ یہ قرآن خود معجزہ ہے، اس کے بعد کسی اور معجزہ کی ضرورت نہیں، جو لوگ آج اسے جھٹلا رہے ہیں، کل اپنے رویہ پر افسوس کریں گے۔ ہر قوم کی ہلاکت کا ایک وقت مقرر ہے۔ یہ لوگ فرشتوں کا مطالبہ کرتے ہیں، فرشتے تو اللہ کا فیصلہ لے کر ہی آتے ہیں، پھر کسی کو مہلت نہیں ملتی۔ یہ لوگ قرآن کی تکذیب کرتے ہیں تو اس سے پہلے لوگ بھی رسولوں کی تکذیب کرتے رہے ہیں۔ یہ لوگ گمراہی میں اتنی دور جا چکے ہیں کہ کوئی بڑے سے بڑا معجزہ بھی انہیں قائل نہیں کر سکتا

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾ الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ کتاب الٰہی اور روشن قرآن کی آیات ہیں۔

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿٢﴾ ایک وقت آنے والا ہے کہ
جب کفار بھی یہ تمنا کریں گے کہ کاش ہم مسلمان ہوتے ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَ
يَتَمَتَّعُوْا وَ يُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٣﴾ اے پیغمبر (ﷺ) ! آپ
کافروں کو ان کے حال پر چھوڑ دیجئے، وہ کھاتے پیتے رہیں اور عیش کرتے رہیں اور لمبی
چوڑی امیدیں انہیں آخرت سے غافل کئے رکھیں، عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو
جائے گا وَ مَاۤ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَ لَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿٤﴾ ہم نے جس
بستی کو بھی ہلاک کیا تو اس کی ہلاکت کے لئے ایک مقررہ وقت پہلے سے لکھا ہوا تھا
مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَ مَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٥﴾ اور جب کسی بھی قوم کی
ہلاکت کا وقت آجائے تو نہ ایک لمحہ آگے ہو سکتا ہے اور نہ ایک لمحہ پیچھے وَ قَالُوْا
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٦﴾ یہ کافر آپ سے کہتے ہیں
کہ "اے وہ شخص جو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس پر قرآن نازل ہوا ہے، بے شک تو
دیوانہ ہے" لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧﴾ اور یہ
کہتے ہیں کہ "اگر تو اپنے دعویٰ میں سچا ہے تو ہمارے سامنے فرشتوں کو کیوں نہیں
لے آتا؟" مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ مَا كَانُوْۤا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ﴿٨﴾
اور ہم فرشتوں کو تو صرف آخری فیصلہ کے وقت عذاب کے نفاذ کے لئے ہی نازل
کرتے ہیں اور پھر اس بعد کسی کو ایک لمحہ کی مہلت نہیں دی جاتی اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا
الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿٩﴾ بے شک ہم ہی نے یہ قرآن نازل کیا ہے اور یقیناً

ہم ہی اس کے محافظ ہیں -- جب کہ اس سے پچھلی کتابوں مثلاً تورات کی حفاظت کا ذمہ بنی
اسرائیل کے انبیاء اولیاء اور علماء کو قرار دیا گیا تھا۔[بنی اسرائیل کے انبیاء، اولیاء اور علماء جو اللہ
کے فرمانبر دار بندے تھے یہود کو اسی تورات کے مطابق حکم دیا کرتے تھے، کیونکہ ان کو اس
کتاب کی حفاظت کا ذمہ دار قرار دیا گیا تھا اور وہ اس کتاب کے نگہبان تھے 5:44] وَ لَقَدْ
اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ شِیَعِ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۰﴾ اور بیشک ہم آپ سے قبل پہلی
امتوں میں بھی رسول بھیج چکے ہیں وَ مَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ
یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۱﴾ آج تک کبھی ایسا نہیں ہوا کہ اُن کے پاس کوئی رسول آیا ہو اور
انہوں نے اس کا مذاق نہ اڑایا ہو كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِیْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۱۲﴾
اور گذشتہ لوگوں کی طرح رسولوں کی تکذیب کرنا ہم اِن مجرموں کے دل میں بٹھا
دیتے ہیں لَا یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَ قَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۳﴾ اس وجہ سے یہ لوگ
بھی ایمان نہیں لائیں گے اور حقیقت یہی ہے کہ پچھلی قوموں کی بھی یہی روش چلی آ
رہی ہے وَ لَوْ فَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِیْهِ یَعْرُجُوْنَ ﴿۱۴﴾
لَقَالُوْۤا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ اگر ہم ان پر
آسمان کا ایک دروازہ بھی کھول دیں اور یہ اس کے ذریعہ آسمان پر چڑھ بھی جائیں،
تب بھی وہ یہی کہیں گے کہ ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے بلکہ ہم سب لوگوں پر جادو
کر دیا گیا ہے ﴿۱۵﴾ ع رکوع[۱]

# [# 235]

| نام پارہ | پارہ شمار | آیات | تعداد رکوع | مکی / مدنی | نام سورہ | ترتیبِ تلاوت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَآ اُبَرِّئُ، رُبَمَا | 13 14 | 99 | 6 | مکی | سُوْرَۃُ الْحِجْر | 15 |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful.

In verses 1 to 15, the Prophet Muhammad [peace be upon him] is reassured that the Qur'an itself is a miracle, and no other miracle is needed. Those who are rejecting it today, will regret their behavior tomorrow. These people demand to see angels, but angels only come with Allah's decree, and then no respite is given. They deny the Qur'an, just as previous peoples denied their messengers. They have gone so far astray that even the greatest miracle would not convince them.

الٓرٰ ۟ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَ قُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾

Alif, Lam, Ra .[Only Allah and the Messenger know the real meaning.]

These are the [revealed] verses of the Divine Book and the clear Qur'an.

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۲﴾

There shall certainly come a time, when even those who disbelieve, will wish they were Muslims.

ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَ يَتَمَتَّعُوْا وَ يُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ
يَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

[O Prophet!] Leave these [disbelievers] to eat and drink and enjoy [luxuries of life], and let them forget the Hereafter with false hopes, soon they will come to know [their utter loss].

وَ مَاۤ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَ لَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝۴

Yet never have We destroyed any community [ based on their judgment], unless and until it had [been duly forewarned, and reached] their allotted time [ as written in the Devine book].

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَ مَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۵

And when the time [for the destruction of any community] arrives, it will neither be delayed nor advanced.

وَ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝۶

[O prophet!], They [who disbelieve], say to you, ' O you! upon whom the message [of Quran] was sent down, indeed, you are insane.'

لَوْ مَا تَأْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٧

And they say, 'Why do you not bring forth the angels to us, if you are truthful in your claim'?

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝٨

And [they should know that] We do not send down the angels except with the final decree [to implement the punishment] ; and then they would not be granted any respite.

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝٩

Indeed, it is We, who have sent down the Qur'an, and indeed, We will be its guardian.

Whereas the responsibility for protecting the previous scriptures, such as the Torah, was given to the prophets, saints, and scholars of the Children of Israel.

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۰﴾

And indeed, We did send messengers before you [O Muhammad!], among the groups of earlier generations.

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۱﴾

Never did a messenger come to them, but they mocked him.

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۲﴾

This is how We let [the disbelief] enter into the hearts of the sinners [ because of their mockery at the messengers].

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾

So they will not believe, just as the people of the past [generations] did not believe.

وَ لَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ
يَعْرُجُوْنَ ﴿١٤﴾ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ
مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿١٥﴾ رکوع[۱]

Even if We were to open for them a gate into the heaven and they were to continue [all day] ascending through it, they would still say, 'Our eyes have been dazzled. Rather, we are a people bewitched.'